گورنر **KATHY HOCHUL** فوری ریلیز کے لیے: 28/10/2022

عظیم طوفان سینڈی کے دس سال مکمل ہونے سے قبل، گورنر HOCHUL نے نیویارک کے باشندوں کو موسمیاتی تبدیلی سے محفوظ رکھنے کے لیے لچکدار گھروں اور کمیونٹیز کے نئے دفتر کا اعلان کیا ہے

ریاست بھر کا نیا، مستقل دفتر نیویارک کی قومی قیادت کرنے والی کمیونٹی کی بحالی اور لچک پذیری کی کوششیں جاری رکھے گا

گورنر کے طوفان سے بحالی میں پیش رفت کے دفتر کی جانب سے آج تک عظیم طوفان سینڈی کی بحالی کی تفصیلات کا ذکر کرنے والی 10 سالہ رپورٹ جاری کی گئی ہے

نیویارک کے باشندوں کو شدید موسمی صورت حالوں میں بجلی منقطع ہونے سے بچانے کے لیے 10 سال کے عرصے میں الیکٹرک گرڈ میں کی جانے والی 19$ بلین سرمایہ کاری کا اعلان کیا گیا ہے

گورنر Kathy Hochul نے آج عظیم طوفان سینڈی کے 10 سال مکمل ہونے پر لچکدار گھروں اور کمیونٹیز کے دفتر، جو کہ نیویارک کی ہاؤسنگ کی بحالی اور کمیونٹی کی لچک پذیری کی کوششوں کو آگے لے جانے والا ایک نیا دفتر ہے، اس کے قیام کا اعلان کرتے ہوئے اس دن کو یادگار بنایا۔ لچکدار گھروں اور کمیونٹیز کا یہ نیا دفتر گورنر کے طوفان سے بحالی کے دفتر کی بنیاد پر تشکیل پائے گا، جو 2013 میں ریاست کی عظیم طوفان سینڈی سے طویل مدتی بحالی کے نظم اور 2013 کے آفات سے ریلیف کی مدبندیوں کے ایکٹ (Disaster Relief Appropriations Act) کی جانب سے فراہم کردہ آفات سے بحالی کے 4.5$ بلین کے بحالی کے وفاقی فنڈز کو خرچ کرنے کی نگرانی کی خاطر قائم کیا گیا تھا۔ گھروں اور کمیونٹی تجدید کے اندر مستقل دفتر کے طور پر، لچکدار گھروں اور کمیونٹیز کا دفتر گورنر کے طوفان سے بحالی کے دفتر کا قلمدان سنبھالے گا اور ریاستی آفات کا سدباب کرنے والی ایجنسیوں کے ساتھ شراکت داری کرے گا تاکہ ریاست بھر میں گھروں اور کمیونٹیز کے لیے طویل مدتی بحالی کا عمل آگے لے جا سکے اور سلسلہ وار لچک پذیری کے اقدامات اور حکمتِ عملیاں تشکیل دی جا سکیں۔

"لچکدار گھروں اور کمیونٹیز کے نئے دفتر کے ذریعے، ہم آئندہ نسلوں کے لیے نیویارک کو محفوظ اور مستحکم بنانے کی جانب ایک اہم قدم اٹھا رہے ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "دس سال قبل، عظیم طوفان سینڈی ہمارے ساحلوں سے ٹکرایا اور نیویارک کے لاتعداد باشندوں کی زندگیوں، گھروں، اور کاروباروں کو درہم برہم کر گیا، لیکن ہمارے بہادر ابتدائی ردعمل کاران، کمیونٹی کے زیرِ قیادت مضبوط منصوبہ بندی، اور مثالی شراکت داریوں کا شکریہ، کہ نیویارک میں بحالی کا عمل غیرمعمولی رہا۔ میری انتظامیہ مستقبل کی موسمی صورت حالوں سے نمٹنے کی تیاری کے سلسلے میں ہماری قومی رہنما کوششیں جاری رکھے گی، اور میں کمیونٹیز، ایجنسی شراکت داران، اور مقامی، ریاستی، اور وفاقی افسران کے ساتھ مل کر کام کرنے کی توقع کرتی ہوں تاکہ نیویارک کو بہتر، مضبوط تر، اور مزید لچکدار بنایا جا سکے۔"

گورنر نے ایک 10 سالہ تکمیل کی رپورٹ بھی جاری کی جس میں عظیم طوفان سینڈی سے بحالی کی کوشش کے سلسلے میں GOSR کی آج تک کی پیش رفت کے حوالے سے تفصیلات بیان کی گئیں۔ مجموعی طور پر، GOSR کی ہدایت کے مطابق، ریاست امریکی محکمہ برائے ہاؤسنگ اور شہری ترقی (Housing and Urban Development, HUD) کی کمیونٹی ڈویلپمنٹ بلاک گرانٹ کے ذریعے اپنے تفویض کردہ 4.5$ بلین کا 91 فیصد

خرچ کر چکی ہے - آفات سے بحالی (CDBG-DR) کے پروگرام کے ذریعے 11,000 سے زائد ہاؤسنگ کی بحالی اور لچک پذیری کے پروجیکٹس مکمل کیے جا چکے ہیں، اور نیویارک بھر میں 1,000 سے زائد چھوٹے کاروباری اداروں کو معاونت فراہم کی جا چکی ہے۔ ریاست نے گزشتہ دس سالوں میں لانگ آئلینڈ میں 4.9$ بلین کی سرمایہ کاری سمیت، نیویارک کے باشندوں کو شدید موسمی صورت حالوں میں بجلی منقطع ہونے سے بچانے کے لیے ریاست بھر میں الیکٹرک گرڈ میں 19$ بلین کی سرمایہ کاری بھی کی ہے۔

گورنر Hochul نے اپنے سٹیٹ آف سٹیٹ خطاب میں پہلے ایک مستقل لچک پذیر ادارے کے قیام کے عزم کا اظہار کیا۔ لچکدار گھروں اور کمیونٹیز کا نیا دفتر GOSR کے کام کی بنیاد پر تشکیل پائے گا اور یہ نیویارک کے ان خاندانوں کی معاونت کے گورنر کے عزم کو پورا کرے گا جو تاحال عظیم طوفان سینڈی سے متاثر ہیں اور ایسا درج ذیل کے ذریعے کیا جائے گا:

- آفات سے قبل اور ان کے بعد **نیویارک کے باشندوں اور کمیونٹیز کے ساتھ براہ راست کام کر کے**، قابلِ پیمائش اور مؤثر پروگرام کے ایسے ماڈلز کو قوت فراہم کرتے ہوئے جن سے گھروں کے مالکان کو 11,000 سے زائد مرمتی اور سیلاب میں کمی کے پروجیکٹس کی تکمیل میں معاونت ملی، جن میں 3,000 سے زائد گھروں کا قیام بھی شامل تھا۔
- فوری ردعمل سے طویل مدتی بحالی تک **بلارکاوٹ منتقلی کے عمل کی تکمیل**، بحالی کے عمل میں طویل مدتی منصوبہ بندی شامل کر کے مستقبل کو لچک پذیری بنانے کے لیے۔
- **نیویارک کے ان باشندوں کے لیے مساوات کا فروغ** جو آفات کا شکار ہوں، جس کے لیے نیویارک کے موسمیاتی انصاف کے عملیاتی گروہ کی جانب سے نشاندہی کردہ محروم کمیونٹیز کے معیار پر زور دیا جائے کہ وہ ریاست کی پُرمقصد موسمیاتی قیادت اور کمیونٹی تحفظ ایکٹ کے یکساں نفاذ کی رہنمائی کرے۔

لچکدار گھروں اور کمیونٹیز کی ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Katie Brennan نے کہا، "اگلی شدید موسمی صورت حال کا معاملہ، امکان نہیں، وقت کی بات ہے۔ ہم اپنی بحالی اور لچک پذیری کے کام کو مستقل طور پر جاری رکھنے اور اپنی کامیابی کو آگے لے جانے کے لیے پُرجوش ہیں۔ ہم شدید موسمی صورت حالوں سے قبل، ان کے دوران، اور ان کے بعد نیویارک کے باشندوں کے ساتھ کام کرنے کی اپنی صلاحیت کو مستحکم کریں گے اور ساتھ ہی ساتھ ان زدپذیر کمیونٹیز کے ساتھ مساوات اور ان کی جانب سے براہ راست فیڈبیک حاصل کرنے کو بھی ترجیح دیں گے۔ کمیونٹی کی لچک پذیری کے حوالے سے گورنر Hochul کے پیش بینی پر مبنی ویژن کے لیے ان کا شکریہ۔"

ریاست نیویارک کے گھروں اور کمیونٹیز کی تجدید کی کمشنر RuthAnne Visnauskas کا کہنا تھا کہ، "سینڈی طوفان کے نیویارک کے متعدد حصوں کو تباہ کرنے کے بعد سے لے کر دس سال تک، ہم نے وہ وقت اور پھر ان خطرات کو یاد رکھا ہے کہ جو شدید موسمی صورت حالوں اور گلوبل وارمنگ سے ہماری کمیونٹیز کی سلامتی کو لاحق ہوتے ہیں۔ آج، نیویارک موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے میں قومی رہنما کا کردار ادا کر رہا ہے اور لچکدار گھروں اور کمیونٹیز کا نیا دفتر اس بات کو یقینی بنائے گا کہ ہم اپنی کمیونٹیز کو مزید قابلِ سکونت اور لچکدار بناتے ہوئے، نیویارک کے باشندوں کے لیے محفوظ اور مناسب ہاؤسنگ کی تخلیق پر انتہائی توجہ مرکوز رکھیں۔ ریاستی ہاؤسنگ، بنیادی ڈھانچے اور مجموعی تیاری کے سلسلے میں گورنر Hochul کی بےمثال سرمایہ کاریوں کی بدولت، ہم نیویارک کے لیے مزید مستحکم مستقبل کی تخلیق کی راہ پر گامزن ہیں۔"

DEC کمشنر اور موسمیاتی اقدام کی کونسل کے شریک صدر Basil Seggos نے کہا، "آب و ہوا کے باعث وقوع پذیر ہونے والی شدید موسمی صورت حالوں اور عظیم طوفان سینڈی جیسے طوفان سے چھٹکارا ممکن نہیں ہے اور DEC کو کمیونٹی کی لچک پذیری میں اضافہ کرنے، بنیادی ڈھانچے کی مضبوطی، اور اپنے قدرتی وسائل کے فروغ کے لیے تمام حکومتی سطحوں سے اپنے متعدد شراکت داران کے ساتھ مل کر لاتعداد کارہائے نمایاں کا حصہ بننے پر فخر ہے۔ گورنر Hochul کی جاری و ساری قیادت کے تحت، DEC کو اس بحالی کو جاری رکھنے کی توقع ہے، ثابت شدہ ایسے نتائج کے ساتھ تعمیرِ نو کرتے ہوئے جن سے موسمیاتی اثرات سے بچنے، اور اگلے بڑے طوفان کی آمد کے وقت کمیونٹیز کے تیار رہنے کو یقینی بنانے میں مدد ملتی ہے۔"

نمائندہ Gregory W. Meeks نے کہا، "10 سال قبل عظیم طوفان سینڈی کے باعث زندگیاں ہار جانے والوں اور اس کی وجہ سے نیویارک، بالخصوص راک اویز میں ہونے والی تباہی کی یاد میں ہم ایک لمحہ وقف کرتے ہیں۔ اگرچہ نیویارک کی تعمیر نو میں بڑی حد پیش رفت ہوئی ہے، تاہم ابھی بہت کام باقی ہے۔ میں گورنر کی قیادت اور بحالی اور لچک پذیری کے دفتر کے قیام پر ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ میں اپنی ریاست کے بنیادی ڈھانچے کی بہتری کی خاطر تمام سطحوں پر گورنر Hochul اور اپنے شراکت داران کے ساتھ مل کر کام کو جاری رکھنے کا خیرمقدم کرتا ہوں۔"

ریاستی سینیٹر Joseph Addabbo نے کہا، "دس سال قبل، عظیم طوفان سینڈی نے نیویارک بھر میں تباہی مچا دی اور اپنے پیچھے ایک بڑے نقصان کا سلسلہ چھوڑ گیا۔ ہمارے ارد گرد کے گھر تباہ ہوئے، کاروباری ادارے منہدم ہوئے، عوامی مقامات شناخت کے قابل نہ رہے، اور بیش بہا انسانی جانیں کھو گئیں۔ ہماری کمیونٹیز کے لیے حقیقت میں یہ ایک خوفناک تجربہ تھا، اور ہم آج تک اس طوفانِ عظیم کے اثرات محسوس کر سکتے ہیں۔ ایک دہائی پیچھے نظر دوڑاؤں، تو طوفان کے بعد مجھے ان دنوں، ہفتوں اور مہینوں کے بارے میں جو بات زیادہ یاد آتی ہے، وہ متاثرہ افراد کی مدد کے لیے بطور کمیونٹی ہمارا متحد ہونا ہے۔ طوفان کے بعد سے، ہم نے اپنی ساحلی کمیونٹیز کو مستحکم کرنے کے لیے ریاستی سطح پر کام کیا ہے اور ہم اپنے پانیوں کے اندر طوفان میں کمی کے اقدامات کے نفاذ پر عمل درآمد کر رہے ہیں، تاکہ جب اگلا کوئی طوفان آئے تو ہم اس کے لیے تیار ہوں۔ علاوہ ازیں، ہم ایک صاف توانائی کی حامل ریاست بننے پر بھی کام کو جاری رکھے ہوئے ہیں تاکہ موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کو کم کرنے میں مدد مل سکے۔ میں وہ دن اور وہ نقصان کبھی نہیں بھولوں گا جس کا ہم نے سامنا کیا، لیکن میں اپنی کمیونٹیز کی اس طاقت کو بھی ہمیشہ یاد رکھوں گا جس کے ساتھ وہ ایک دوسرے کے ساتھ ڈٹ کر کھڑے رہے اور مزید مضبوط بن کر ابھرے۔ میں گورنر Hochul کی کوششوں کو حقیقت میں سراہتا ہوں، کیونکہ ریاست لچکدار گھروں اور کمیونٹیز کے نئے تعمیر شدہ دفتر کے ساتھ مل کر GOSR کی جانب سے کیے گئے کام کو آگے بڑھاتے ہوئے، موسمیاتی تبدیلی کے اثرات اور مستقبل کے طوفانوں کا مقابلہ کرنے کے لیے تیاری کے سلسلے میں چوکس رہتی ہے۔"

رکن اسمبلی Stacey Pheffer Amato نے کہا، "گورنر کی جانب سے طوفان سے بحالی اور لچک پذیری کے دفتر کا قیام ہماری کمیونٹیز کے لیے ایک شاندار خبر ہے۔ جبکہ ہم دہائی بیت جانے پر تند و تیز طوفان سینڈی کے وقت کو یاد کر رہے ہیں، تو یہ بات یاد رکھنا نہایت اہم ہے کہ ہم کتنا آگے بڑھ چکے ہیں، اور ہم نے ثابت کیا ہے کہ ہم، بالخصوص، ساؤتھ کوئینز والوں میں حالات کے مطابق ڈھلنے کی کس قدر لچک موجود ہے۔ اگرچہ ہم نے تعمیرِ نو کا کام انجام دیا ہے، پر مزید بہت کچھ کرنا باقی ہے اور یہ نیا دفتر رہنمائی دینے اور طوفان سے بحالی کے سلسلے میں ہماری تمام تر کوششوں میں مسلسل کامیابی کو یقینی بنانے میں مدد کے عزم کو مضبوط بناتا ہے۔"

کوئینز بورو کے صدر Donovan Richards نے کہا، "اس بات پر یقین کرنا بہت مشکل ہے کہ عظیم طوفان سینڈی کو کوئینز اور ریاست بھر کی کمیونٹیز کو تباہ کیے ہوئے 10 سال کا عرصہ گزر چکا ہے۔ تاہم جیسے موسمیاتی تبدیلی کے پیچھے اس کا بدنما چہرہ مسلسل چھپا ہوا ہے، تو ہم سب کو اس یقین کے ساتھ کام کرنا ہو گا کہ ہمارے مستقبل میں سینڈی جیسے مزید طوفان رونما ہو سکتے ہیں۔ اس نئے مستقل ریاستی دفتر کے قیام کے ذریعے، میرا یہ ماننا ہے کہ قدرت کی طرف سے ممکنہ طور پر ہماری طرف آنے والی بدترین آفات سے نمٹنے کے لیے نیویارک پہلے سے زیادہ تیار ہو گا۔ نیویارک مشکل حالات کا سامنا کرنے میں ہماری لچک کے حوالے سے مشہور و معروف ہے۔ میں اس شناخت کے ہمیشہ جاری و ساری رہنے کو یقینی بنانے پر گورنر Hochul کا معترف ہوں۔"

کوئینز ڈسٹرکٹ اٹارنی Melinda Katz کا کہنا تھا کہ، "عظیم طوفان سینڈی نے کوئینز کاؤنٹی میں غیر معمولی تباہی برپا کی۔ 10 سال پورے ہونے پر آج، ہم ان لوگوں کو مسلسل یاد کر رہے ہیں جنہیں ہم نے کھو دیا اور ہم ہر اس شخص کی استقامت کو سراہتے ہیں جن کی زندگیاں طوفان کے باعث ہمیشہ کے لیے بدل گئیں۔ بدقسمتی سے، موسمیاتی تبدیلی کے باعث شدید موسم میں زیادہ سے زیادہ اضافہ ہو رہا ہے، اور ہمیں ایک بہتر، مضبوط تر بنیادی ڈھانچے کے قیام کو جاری رکھنا ہو گا تاکہ ہم اپنے گرد و نواح کو محفوظ بنا سکیں۔ گورنر Hochul کے زیرِ قیادت، ریاست نیویارک طوفان سے بحالی اور ساحلی لچک پذیری کی کوششوں کی راہنما ہے اور ریاست کا نیا ادارہ جس کا آج اعلان ہوا، اس کام کو مزید آگے لے جائے گا تاکہ ہمیں حفاظت و ترقی میں مدد مل سکے۔"

محترمہ **Dr. Leslie Mullings نے کہا،** "عظیم طوفان سینڈی کی تباہی کے باعث ہماری کمیونٹی غیر معمولی طور پر تباہی کا شکار ہوئی تھی اور تعمیرِ نو کا عمل آسان نہیں تھا۔ ہم خوش نصیب ہیں کہ ہمارے پاس گورنر Kathy Hochul جیسے رہنما موجود ہیں جنہوں نے ہماری کمیونٹی کو دن کی مانند روشن و تاباں بنانے کا عزم کر رکھا ہے۔ جونکہ ہم اکتوبر 2012 کے خوفناک مناظر اور ان لوگوں کو یاد کرتے ہیں جنہیں ہم نے کھو دیا، تو ہم پھر سے اپنے ساتھ اس عزم کا اعادہ کرتے ہیں کہ لچک، تعمیرِ نو اور بحالی کا عمل جاری رکھیں گے۔"

10 سالہ تکمیل کی رپورٹ درج ذیل شعبوں میں GOSR کے مکمل کردہ اور جاری لچک پذیری کے اقدامات کا ایک جامع جائزہ پیش کرتی ہے تاکہ نیویارک کی بحالی میں معاونت مل سکے۔

ہاؤسنگ کی بحالی

موجود طور پر مکمل شدہ گھروں کے مالکان کے پروگرام کی جانب سے 11,000 سے زائد ہاؤسنگ کی بحالی اور لچک پذیری کے پروجیکٹس، بشمول 3,500 گھروں کی تعمیر اور 400 سے زائد تعمیرات کی تکمیل میں معاونت کے لیے نیویارک کے باشندوں کو براہِ راست 1.27$ بلین کی رقم فراہم کی گئی۔

NY کے رائزنگ بائی آؤٹ پروگرام (Rising Buyout Program) میں طوفان سے تباہ شدہ 615 املاک — بشمول 423 سٹیٹن آئلینڈ میں، 130 لانگ آئلینڈ میں، 62 ریاست کے شمال میں کامیابی سے بحال کی گئیں — جس سے گردونواح کی کمیونٹیز کی تاحیات حفاظت کی خاطر انہیں نقصان میں کمی کے قدرتی عامل کے طور پر کردار ادا کرنے کا موقع فراہم ہوتا ہے۔

رضاکار پروگرام کے تحت ریاست کے مستقبل کے استحکام کے لیے حکمتِ عملی پر مبنی سرمایہ کاری کرتے ہوئے، نیویارک کے ان باشندوں کو 276$ ملین رقم فراہم کی گئی جو دوبارہ تعمیر کے بجائے نقل مکانی کرنا چاہتے تھے۔ قدرتی مقامات طوفانی پانی کو جذب کر کے اور سیلاب میں کمی کے ذریعے موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کے ساتھ مطابقت پذیری میں مدد دیتے ہیں۔ یہ فضا میں کاربن کی مقدار کم کرنے، آلودگی میں کمی لانے اور ہوا کے معیار کو بہتر بنانے میں بھی مدد دیتے ہیں۔ آج تک، اس پروگرام کے ذریعے سٹیٹن آئلینڈ سمندری دیوار کے پروجیکٹ، سٹیٹن آئلینڈ یوتھ ساسر لیگ (Staten Island Youth Soccer League)، لانگ آئلینڈ پر واقع مختلف مقامی شراکت داران کے لیے زمین دستیاب بنائی گئی۔

کمیونٹی کی دوبارہ تعمیر اور بنیادی ڈھانچہ

GOSR کے NY رائزنگ کمیونٹی ری کنسٹرکشن پروگرام کے ذریعے مقامی شراکت داران کو ان کی کمیونٹیز کے اندر طویل مدتی بحالی اور لچک پذیری کے عمل میں وابستہ کیا گیا اور ایسے پروجیکٹس کی تجاویز مرتب کرنے میں مدد دی گئی، جن میں عظیم طوفان سینڈی، ہری کین آئرین (Hurricane Irene)، اور ٹراپکل سٹوروم لی (Tropical Storm Lee) کے بعد ان کی مخصوص ضروریات اور اثاثہ جات پر توجہ مرکوز کی گئی۔

آج تک، پروگرام نے ریاستی، مقامی، اور بلا منافع غیر وفاقی ادارے کے شراکت داران کے ساتھ کام کیا ہے تاکہ 200 سے زائد لچک پذیری کے ایسے پروجیکٹس اور پروگرامز مکمل کیے جا سکیں جو ریاست بھر میں کُل 306$ ملین کی مالیت کے ہوں، اور جن میں 80 سے زائد موجودہ طور پر تعمیر کے مرحلے سے گزر رہے ہیں۔ 625$ ملین مالیت کا پروگرام مستقبل کے طوفانوں سے بچاؤ میں کمیونٹیز کی مسلسل مدد جاری رکھے ہوئے ہے، جو کہ ہماری موسمیاتی تبدیلیوں کے باعث اکثر و بیشتر وقوع پذیر ہو رہے ہیں۔

گورنر نے راک اویز اور بریزی پوائنٹ میں NY رائزنگ کمیونٹی ری کنسٹرکشن پروگرام کی جانب سے کی گئی 45.5$ ملین کی سرمایہ کاری پر روشنی ڈالی، جن میں اب تک مکمل شدہ درج ذیل شامل ہیں:

1. فار راک اوے میں غیر منافع بخش اداروں کی تیاری کی تربیت اور افرادی قوت کے فروغ کے پروگرام کے لیے $1.3 ملین کی رقم
2. فار راک اوے - ویو کریسٹ اور بیز واٹر، ایڈابو ہیلتھ سینٹر اور سینٹ جانز ایپی سکوپل ہسپتال کے ینگ اسرائیل میں کمیونٹی کی اہم سہولت گاہوں کے لیے $2.4 ملین کی بیک اپ پاور اور لچک پذیری اپ گریڈز
3. ڈاؤن ٹاؤن فار راک اوے سٹریٹ سکیپ کے لیے $4.5 ملین، جس کے ذریعے نکاسئ آب کے نظام بہتر بنائے جاتے ہیں ساتھ ہی ساتھ ڈاؤن ٹاؤن کے پیدل راستوں کو مزید بہتر اور قابلِ رسائی بنایا جاتا ہے
4. بریزی پوائنٹ کمیونٹی کے اندر نکاسئ آب اور طوفانی پانی کے انتظام کے لیے $11.7 ملین
5. اپنے بنیادی ڈھانچے کے پروگرام کے ذریعے، ریاست نے $218.4 ملین مالیت کے اعلیٰ سطح کے 12 پروجیکٹس بھی مکمل کیے ہیں

بلحاظِ ڈیزائن تعمیرِ نو

جون 2014 میں، امریکی محکمہ برائے ہاؤسنگ اور شہری ترقی (HUD) نے اپنے بلحاظِ ڈیزائن اختراعی تعمیرِ نو کے مقابلے کے فاتحین کا اعلان کیا، جو کہ ایک ایسا مقابلہ تھا جس میں بحالی اور لچک پذیری کی کوششوں کے لیے منصوبے کا خاکہ بنانے کے لیے بین النصاب منصوبہ بندی، ڈیزائن، اور انجینئرنگ فرمز کی حوصلہ افزائی کی گئی۔

$125 ملین مالیت کے لِونگ وِد بے (Living with the Bay) اقدام کا مقصد طوفان میں اضافے کے باعث ہونے والے نقصان میں کمی کر کے، طوفانی پانی کے بہتر نظم، مسکن اور پانی کے معیار میں بہتری، اور تعلیمی اور زیادہ سے زیادہ تفریحی سرگرمیوں دونوں کے ذریعے مِل دریا تک رسائی میں اضافے کے ذریعے نساؤ کاؤنٹی کے مِل دریا کے ساتھ والی کمیونٹیز کے لیے لچک پذیری میں اضافہ کرنا ہے۔

GOSR نے آٹھ میں سے پہلے دو لِونگ بریک واٹرز (Living Breakwaters) کے منصوبے مکمل کیے ہیں، جو کہ ٹاٹن ویل، سٹیٹن آئلینڈ کے ساحل کے ساتھ $107 ملین کا پروجیکٹ ہے۔ لِونگ بریک واٹرز ایک اختراعی ساحلی سبز بنیادی ڈھانچے کا پروجیکٹ ہے جو طوفانی لہروں کے باعث کٹاؤ اور نقصان میں کمی کرنے یا اس کا رُخ پھیرنے، ریریٹن بے (Raritan Bay) کے ماحولیاتی نظام کی تندرستی میں بہتری اور ساحل کے قریب پانیوں کے انتظام کی حوصلہ افزائی اور جنوبی سٹیٹن آئلینڈ کی ساحلی پٹی کے حوالے سے لوگوں کے تجربے میں عمومی بہتری کی خاطر ڈیزائن کیا گیا ہے۔

چھوٹے کاروباری اداروں کی معاونت

موجودہ طور پر مکمل کردہ NY رائزنگ سمال بزنس پروگرام (Rising Small Business Program) نے ریاستی معیشت میں چھوٹے کاروباروں کے اہم کردار کو پہچانتے ہوئے — ریاست بھر میں طوفان سے متاثرہ چھوٹے کاروباری اداروں کی مرمتوں، تعمیرِ نو، اور فعال سرمایہ کاری کے عمل میں سہولت پیدا کی۔ اس پروگرام کے تحت 1,000 سے زائد چھوٹے کاروباری اداروں کو $52 ملین سے زائد کی رقم فراہم کی گئی۔

مکمل رپورٹ یہاں GOSR کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے: www.storm-recovery.org

طوفان کے لیے لچک پذیری اور الیکٹرک گرِڈ کی مضبوطی میں پیش رفت

10 سالہ تکمیل کی رپورٹ کے علاوہ، گورنر Hochul نے اعلان کیا کہ ریاست نے گزشتہ دہائی میں الیکٹرک گرِڈ کی مضبوطی کے لیے $19 بلین کی سرمایہ کاری کی ہے۔ آج تک کی سرمایہ کاریوں میں طوفان سے بچاؤ کے لیے مضبوطی، لچک پذیری اور پائیداری کے اقدامات، اور نباتاتی نظم شامل ہیں۔

- لانگ آئلینڈ الیکٹرک گرِڈ میں 4.9$ بلین کی سرمایہ کاری کی گئی ہے، جس سے طوفانی صورت حال کے لیے تیاری کے عمل میں بہتری آئی ہے اور صارفین کے بجلی کے انقطاع کے تجربے میں 35% کمی آئی ہے۔
- 500 سالہ سیلابی سطح سے بلند طوفانی صورت حال میں استحکام اور تین راک اوے ذیلی سٹیشنز (آرورن (Arverne)، فار راک اوے، اور راک اوے ساحلی ذیلی سٹیشنز) کے قیام کے لیے 49$ ملین کی سرمایہ کاری کی گئی ہے۔
- آٹھ راک اوے تقسیم کار سرکٹس کی طوفانی صورت حال میں مضبوطی کے لیے 10$ ملین، جن میں مضبوط پولز اور تاروں کی تنصیب، اور دوبارہ ڈیزائن کردہ محدود پروفائل کی تعیناتی شامل ہے تاکہ درختوں کی شاخوں کے گرنے سے ہونے والے نقصان سے بچاؤ کیا جا سکے۔

ریاست نیویارک اور نیویارک شہر کے ساتھ شراکت داری میں، امریکی فوج کے انجینیئرنگ کے دستے راک اوے اور جمائیکا بے ساحلی طوفان کے خطرے میں کمی کے 600$ ملین کے پروجیکٹ کو آگے بڑھا رہے ہیں، جس میں راک اوے جزیرہ نما کی ایٹلانٹک اور جمائیکا بے کی ساحلی پٹیوں پر تعمیر شامل ہے۔

- ایٹلانٹک ساحلی پٹی پر، پروجیکٹ میں بلند ریت کے ٹیلے کی تعمیر، جس میں ایک اندرونی فولاد کی شیٹ اور مدفون پتھر ہوتا ہے، ساحل پر ریت کو بےقابو ہونے سے بچانے اور لہروں کی شدت میں کمی لانے کے لیے 19 نئے یا بحال کردہ پتھر کے جوڑ، اور عوامی رسائی میں سہولت پیدا کرنے کے لیے ریت کے ٹیلوں کی نئی کراسنگ ساختیں شامل ہیں۔
- جمائیکا بے کے اندر، پروجیکٹ میں چھوٹے پشتوں، سیلابی پانی کو روکنے کے لیے دیواروں اور دیگر خصوصیات کا ایک سلسلہ شامل ہے تاکہ ہیملز، ایج میئر، اور آرورن کے نواحی نشیبی علاقوں میں معمولی اور اکثر پیش آنے والی سیلابی صورت حالوں سے تحفظ فراہم کیا جا سکے۔

اس کے علاوہ، ریاست نیویارک کا محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ بحالی اور لچک پذیری کے پروجیکٹس میں پیش رفت کے لیے پروجیکٹس اور مطالعات سے وابستہ رہا ہے جو کہ پورے نیویارک شہر اور لانگ آئلینڈ میں 5$ بلین سے زائد کی مجموعی ریاستی اور وفاقی سرمایہ کاریاں ہیں۔ جان لیوا طوفان میں اضافوں اور سیلابوں کے خلاف طویل مدتی حفاظتیں فراہم کرنے کے لیے اضافی کام جاری ہے۔ ریاست نیویارک کے اور مقامی رہنما پروجیکٹس میں درج ذیل شامل ہیں:

- جنوبی ساحل سے پانی کے انخلاء کی سہولت گاہ کی لچکدار تعمیرِ نو (830$ ملین) - سابقہ بے پارک کے گندے پانی کی صفائی کے پلانٹ کی ایک مکمل لچکدار تعمیر نو، تاکہ اسے 500 سالہ سطح کے طوفان سے محفوظ رکھا جا سکے۔
- بے پارک کے نقل و حمل کے پروجیکٹ (439$ ملین) کے ذریعے لانگ آئلینڈ کی ویسٹرن بیز میں سیلاب سے قدرتی حفاظتوں کو مستحکم بنا کر گندے پانی کو سمندر کی جانب خارج کیا جائے گا۔
- لانگ بیچ ویسٹ واٹر انٹرکنیکٹ (Long Beach Waste Water Interconnect) ($130 ملین) لانگ بیچ میں گندے پانی کی صفائی کے موجودہ پلانٹ کو تبدیل کرے گا اور اسے مستحکم بنائے گا۔
- سافک کاؤنٹی کا ساحلی لچک پذیری کا اقدام (Coastal Resiliency Initiative) ($408.8 ملین) بیبلون، ماسٹک شرلے میں واقع مکانات میں سیپٹک اور نکاسی کے نظاموں کو بہتر بنا رہا ہے۔
- پیچوگ دریا کا فاصل آب پروجیکٹ (Patchogue River Watershed Project) ($21 ملین) دریا کے فاصل آب کے اندر اور عظیم ساؤتھ بے کے ساتھ تقریباً 500 گھروں کو مربوط کرے گا تاکہ نائٹروجن کے اخراجوں میں کمی لائی جا سکے اور ایسی صحت افزا ساحلی پٹیاں تخلیق کی جا سکیں، جن سے سیلاب کے اثرات میں کمی کی جا سکے۔

عظیم طوفان سینڈی سمیت، نیویارک ریاست نے گزشتہ دہائی کے دوران 13 صدارتی آفاتی اعلامیے موصول کیے ہیں۔ اس سے نیویارک نقصان زدہ بنیادی ڈھانچے کی بحالی کے لیے وفاقی عوامی معاونتی فنڈنگ کی مد میں تقریباً 27$ بلین کی رقم کے حصول کا اہل بنا ہے، نیز نقصان میں کمی کی وفاقی فنڈنگ کی مد میں تقریباً 1.4$ بلین کی رقم بھی حاصل کی ہے تاکہ طویل مدتی خطرے میں کمی کی منصوبہ بندی اور ایسے پروجیکٹس میں معاونت کی جائے جن کا مقصد کمیونٹی کی لچک پذیری میں بہتری لانا ہو۔

اس فنڈنگ کی فراہمی وطن کی سلامتی اور ہنگامی خدمات کے ڈویژن (Division of Homeland Security and Emergency) کی جانب سے جاری ہے اور اس نے لچک پذیری اور بحالی کے ان اہم پروجیکٹس میں براہ راست معاونت کی ہے جو براہ راست تند و تیز طوفان سینڈی کے نتیجے میں تشکیل دیے گئے ہیں، ان میں درج ذیل شامل ہیں:

عوامی معاونت

- **نیویارک سٹی ہاؤسنگ اتھارٹی (New York City Housing Authority, NYCHA) بلین - 2.9$** جو کہ تمام پانچ بوروز کے اندر 35 نقصان زدہ ہاؤسنگ کمپلیکسز میں مرمت، بحالی، طوفان میں اضافے سے حفاظت اور کمی کے اقدامات کے لیے ہیں، جن میں NYCHA کے 20 ترقیاتی کام شامل ہیں جنہیں بلند اور سیلاب سے محفوظ ساختوں کے اندر نصب کردہ نئے گرمائش اور گرم پانی کے سسٹم ملے۔ علاوہ ازیں، بجلی منقطع ہونے کی صورت میں فی الوقت 201 عمارتوں میں مستقل، فُل لوڈ جنریٹرز دستیاب ہیں۔
- **لانگ آئلینڈ پاور اتھارٹی (Long Island Power Authority, LIPA) بلین - 1.4$** جو کہ اہم بنیادی ڈھانچے کی مرمت اور ان کے تمام تر برقی تقسیم کاری کے نظام میں کمی، بشمول تند و تیز طوفان سینڈی کے دوران تباہی کے شکار ذیلی سٹیشنز پر سازوسامان کو بلند سطح پر پہنچانے یا منتقل کرنے کی کوششیں اور نقصان زدہ ٹرانسمیشن لائنز کو مستحکم کرنے کے لیے ہیں۔

نقصان میں کمی

- **NY/NJ لاگارڈیا کی سیلاب پر قابو پانے کی پورٹ اتھارٹی (کوئینز) - 40.6$ ملین -** تاکہ مشرقی کنارے میں لائٹنگ والٹ اور ذیلی سٹیشن کے گرد سیلاب سے بچاؤ کی دیوار قائم کی جائے، اور اس کے علاوہ جنریٹرز نصب کیے جائیں اور طوفان کے پمپ سٹیشن کو معاونت دینے کے لیے مزید نالیاں بنوائی جائیں۔
- **NY/NJ JFK ایئرپورٹ ٹائیڈ گیٹس کی پورٹ اتھارٹی (کوئینز) - 6.0$ ملین -** تاکہ ایئرپورٹ کے شمال مغربی کنارے میں الٹ بہاؤ سے بچاؤ کی متعدد ڈیوائسز نصب کی جائیں۔
- **سافک کاؤنٹی کی ساحلی لچک پذیری کا اقدام - 409$ ملین -** تاکہ سیپٹک سسٹمز اور زیرِ زمین بدرو سے 5,559 تک پارسلز ہٹائے جا سکیں اور انہیں نکاسی کے نئے نظاموں کے ساتھ مربوط کیا جا سکے، ساتھ ہی ساتھ فورج دریا فاصل آب میں ایک نئی، جدید ترین گندے پانی کی صفائی کی سہولت گاہ قائم کی جا سکے۔
- **نساؤ کاؤنٹی ویسٹرن بیز کا لچک پذیری پروجیکٹ - 532$ ملین -** تاکہ ویسٹرن بیز میں پانی کا معیار بہتر بنانے کے لیے پہلے سے متاثرہ علاقے میں جمع ہونے والی 90 فیصد نائٹروجن کا خاتمہ کیا جائے۔ اس منصوبے میں بے پارک میں نئے پمپ سٹیشن کی تعمیر، بے پارک سے سن رائز ہائی وے تک مائیکرو ٹنل کے ذریعے 2 میل کی پریشر پائپ لائن کی تنصیب کاری، سن رائز ہائی وے کے ساتھ 7.3 میل طویل آبی گزرگاہ کی مطابقت پذیری، اور سن رائز ہائی وے سے سیڈر کریک تک مائیکرو ٹنل کے ذریعے 1.6 میل کی پریشر پائپ لائن کی تنصیب کاری شامل ہے۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418